ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے نمائندہ وفد کا نائن زیرو کا دورہ، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

کراچی، صوبہ سندھ کی سیاسی، معاشی اقتصادی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی:۔۔۔۔۔31 جولائی، 2011ء

ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین مصطفی کمال، محترمہ نسرین جلیل، کنور خالد یونس اور واسع جلیل سے ملاقات کی۔ وفد کے اراکین میں حنا جیلانی، آئی اے رحمٰن، اسد بٹ اور ڈی سوزا شامل تھے۔ ملاقات میں کراچی، صوبہ سندھ کی سیاسی، معاشی اقتصادی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات دو گھنٹے تک جاری رہی جس میں کراچی، صوبہ سندھ کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کے اراکین نے کراچی میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار بھی کیا۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے وفد کو کراچی میں قیام امن اور استحکام کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کی جانیوالی کوششوں سے آگاہ کیا۔ وفد کے اراکین نے ایم کیو ایم کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کراچی میں قیام امن کی کوششوں کو شہر میں امن وسلامتی کیلئے خوش آئند قرار دیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے شہر میں مسلسل قیام امن کیلئے ملک بھر کی تمام سیاسی جماعتوں اور ان کے رہنماؤں سے امن وامان کی بحالی کیلئے اپیل بھی کی ہے کہ کراچی میں امن کو برقرار رکھنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں آپس میں ملکر امن وسلامتی کیلئے اپنا کردار ادا کریں تاکہ شہر میں بھائی چارے کی فضاء کو فروغ حاصل ہو اور ملک میں استحکام قائم ہو سکے۔ انہوں نے ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے سب سے پہلے شہر میں دہشت گردی کے خاتمہ اور ملک کو اسلحہ سے پاک کرنے کا بل قومی اسمبلی میں جمع کرایا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ شہر کو اسلحہ سے پاک کیا جائے۔ قبل ازیں ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کا وفد جب نائن زیرو پہنچا تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ان کا استقبال کیا۔ بعدازاں ملاقات کے بعد وفد نے ایم کیو ایم کے شعبہ فیکس فائنڈنگ کمیٹی کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود ایم کیو ایم کے شہداء کی تصاویر اور انکے ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔

☆☆☆☆☆